بسم اللہ الرحمن الرحیم

سنت اعتکاف ٹوٹ جائے، تو کتنے دن کی قضا کریں گے؟ نیز قضا کرنے کا طریقہ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں نے رمضان المبارک کے آخری عشرے میں سنت اعتکاف کیا تھا، شرعی عذر (حیض) کی وجہ سے وہ اعتکاف فاسد ہوگیا، مجھے یہ جاننا ہے کہ اعتکاف کی قضا میں پورے دس دن کا اعتکاف کرنا ہوگا؟ اور اعتکاف کی قضا کا کیا طریقہ ہے؟ اس بارے میں رہنمائی فرمادیں۔

جواب

پوچھی گئی صورت میں آپ پر اسی ایک دن کے اعتکاف کی قضا لازم ہے، جس دن اعتکاف ٹوٹا، مکمل دس دنوں کی قضا لازم نہیں۔

اعتکاف کی قضا کا طریقہ یہ ہے کہ آپ عید الفطر اور ذُوالحجۃ الحرام کی دسویں تا تیرھویں تاریخ کے علاوہ کسی بھی دن غروبِ آفتاب سے کچھ پہلے اعتکاف کی قضا کی نیت سے مسجدِ بیت میں چلی جائیں، اب جو دن آئے، اس میں روزہ رکھیں کہ (اس اعتکاف میں روزہ شرط ہے، اس کے بغیر اعتکاف نہیں ہوتا) پھر اگلے دن یعنی کم و بیش چوبیس گھنٹے بعد غروبِ آفتاب کے بعد مسجد بیت سے نکل آئیں، تو آپ کے اعتکاف کی قضا ہوجائے گی۔

رمضان المبارک کے آخری عشرے کا اعتکاف ٹوٹ جائے، تو ایک ہی دن کی قضا لازم ہے، مکمل دس دنوں کی قضا لازم نہیں، جیسا کہ ردالمحتار میں ہے: "فيقضي اليوم الذی افسده لاستقلال كل يوم بنفسه" ترجمہ: ہر دن کے مستقل ہونے کی وجہ سے معتکف پر صرف اسی دن کی قضا لازم ہے، جس دن اس نے اعتکاف توڑا۔ (ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد3، صفحہ 501، مطبوعہ کوئٹہ)

یونہی جدالممتار میں ہے: "لا یقضی الا اعتکاف یوم أفسدہ" ترجمہ: معتکف صرف اسی دن کی قضا کرے گا، جس دن اس نے اعتکاف توڑا۔ (جدالممتار، جلد4، صفحہ 293، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اعتکاف کی قضا کے طریقہ کے متعلق بہار شریعت میں ہے: "اعتکاف کے لیے روزہ شرط ہے، نیز اس صورت میں یہ بھی ضرور ہے کہ دن سے پہلے جو رات ہے، اس میں اعتکاف ہو، لہٰذا غروب آفتاب سے پہلے جائے اعتکاف میں چلا جائے اور جس دن پورا ہو غروبِ آفتاب کے بعد نکل آئے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1027، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

فتوی نمبر: FSD-9961

تاریخ اجراء : 11ذی القعدۃ1447ھ/29اپریل2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net